صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 15 اپریل 2011، بمطابق 11 جمادی الاوّل 1432 ہجری صبح گیارہ بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَالعَصرِO اِنَّ الاِنسٰنَ لَفِی خُسرٍO اِلَّا الَّذِینَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوا بِالحَقِّ وَتَوَاصَوا بِالصَّبرِ۔ صَدَقَ اللّٰہُ العَظِیم۔

(ترجمہ): عصر کی قسم۔ کہ انسان نقصان میں ہے۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور آپس میں حق (بات) کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے۔ وآخِرُ الدَعوَانا اَنِ الحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : نور سحر بی بی، کوئسچن نمبر 101۔

* 101 _ محترمہ نور سحر: کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ صوبے میں نئی صنعتیں لگانے کی منظوری یا این او سی دیتا ہے؛

(ب) صوبے میں صنعتوں کی بہتری اور نئی صنعتیں لگانے کیلئے کیامراعات اور اقدامات کیے گئے ہیں؛ گزشتہ پانچ سالوں کی سالانہ اوسط صنعت وائز اور ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) وفاق سے اجازت لینے کیلئے کتنے کیسوں کی سفارش کی گئی ہے اور گزشتہ پانچ سالوں کے دوران وفاق کے پاس کتنے کیسز التواء میں پڑے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید احمد حسین شاہ(وزیر صنعت و حرفت): (الف) جی نہیں، محکمہ صنعت سے صنعتوں کے قیام کیلئے منظوری یا این او سی لینے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ وفاقی حکومت نے صنعتیں لگانے کیلئے این او سی کی شرط ختم کر دی ہے۔ ماسوائے وہ صنعتیں جو کہ کرنسی نوٹوں کی چھپائی، تابکار مواد، دھماکہ خیز مواد، اسلحہ سازی اور الکوحل سے متعلق ہو، ان کی منظوری یا این او سی وفاقی حکومت کی اجازت سے مشروط ہے۔

(ب) جی ہاں، موجودہ حکومت صوبے میں صنعتوں کی بہتری کیلئے وفاقی حکومت سے خصوصی ترغیبات کے حصول کیلئے کوششیں کر رہی ہے جس کے نتیجے میں وزیر اعظم پاکستان نے اعلان پشاور میں ان ترغیبات کا اعلان کیا جن میں چیدہ چیدہ ترغیبات ذیل میں دیئے ہیں:

(1) دہشت گردی سے زیادہ متاثرہ علاقوں کیلئے مئی تا ستمبر 2009 تک تمام یوٹیلٹی بلز معاف کر دیئے۔

(2) ٹیکس گوشوارے جمع کرنے کی تاریخ میں 31 جنوری سے 30 جون 2010 تک توسیع دی گئی۔

(3) ٹیکسوں کو جمع کرنے کی تاریخ میں توسیع دی گئی۔

(4) دہشت گردی سے زیادہ متاثرہ علاقوں کی ایکسائز ڈیوٹی میں مکمل چھوٹ دی گئی ہے جبکہ نیم متاثرہ علاقوں کو 50% پر رعایت دی گئی ہے۔

(5) کاروباری طبقہ کو یوٹیلٹی بلز میں سیلز ٹیکس اور 'ودہولڈنگ' ٹیکس میں چھوٹ دی گئی ہے۔

(6) چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کیلئے کم شرح سود پر قرضے دیئے جائیں گے۔ اس پیکج میں بہتری کیلئے صوبائی حکومت وفاقی حکومت سے رابطے میں ہے۔ اس کے علاوہ ایس ڈی اے اور ایس

آئی ڈی بی موجودہ صنعتی بستیوں میں سہولیات کی فراہمی بہتر بنانے اور نئی صنعتی بستیوں کے قیام پر کام کر رہے ہیں، نیز صوبائی حکومت نے 2005-06 کے بجٹ میں صنعتی بستیوں میں واقع صنعتوں کو پانچ سال کیلئے پراپرٹی ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا تھا جس میں مزید توسیع کی جارہی ہے جبکہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبے میں چالیس نئے کارخانے لگ گئے ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا میں بننے والے نئے کارخانوں کی تفصیل:

نمبر شمار	کارخانے کا نام	ضلع	نمبر شمار	کارخانے کا نام	ضلع
1	طیب بیوریجز	پشاور	21	میسرز مجاہد سٹیل پرائیویٹ لمیٹڈ	ہری پور
2	زہیل فارما	پشاور	22	اے۔آر پروسیسنگ انڈسٹری	ہری پور
3	اوساکا کارپوریشن	پشاور	23	میسرز اسلام آباد سٹیل	ہری پور
4	میسرز پرائیم فارما	پشاور	24	میسرز جنومن فارما	ہری پور
5	میسرز داود فوڈ	پشاور	25	میسرز نمبرہ سٹیل	ہری پور
6	میسرز ٹوسٹار میچ	پشاور	26	میسرز مروہ سٹیل	صوابی
7	میسرز ٹاپ سٹار میچ	پشاور	27	میسرز ناظم سٹیل	صوابی
8	میسرز فرانٹئیر میچ	پشاور	28	میسرز آرجے سٹیل ملز	صوابی
9	میسرز شیر میچ	پشاور	29	میسرز جعفر انڈسٹریز	صوابی
10	آرے سٹیل ملز	پشاور	30	میسرز ویدر فولڈ فارما	صوابی
11	میسرز انٹر نیشنل پیکجز	پشاور	31	میسرز الفا پامب	صوابی
12	میسرز وینس میچ	پشاور	32	میسرز تربیلہ سٹیل مل	صوابی
13	میسرز امین فرنیچرز	پشاور	33	میسرز چامنگ فلور ملز	صوابی
14	میسرز ولی فرنیچرز	پشاور	34	میسرز تربیلہ ماربل	صوابی
15	میسرز سٹی آرمز	پشاور	35	میسرز خالد ماربل	صوابی
16	میسرز رائیل آرمز	پشاور	36	میسرز صوابی ماربل	صوابی
17	زاہد اینڈ ہارون آرمز	پشاور	37	میسرز اتمان کولڈ سٹوریج	صوابی
18	پاکستان	پشاور	38	میسرز اے کے کیمیکل سٹوریج	صوابی

	آرمزا انجینئرنگ				
19	نیو پشاور فلور ملز	پشاور	39	میسرز زر حمان سلک	صوابی
20	میسرز پولی انڈسٹری	ہری پور	40	میسرز ولید ماربل	صوابی

(ج) جی نہیں، چونکہ حکومت کی پالیسی ہے کہ وہ خود کارخانے نہیں لگاتی بلکہ نجی شعبہ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔اس سلسلے میں وفاق سے کسی کیس کی سفارش نہیں کی گئی اور نہ کوئی کیس زیر التواء ہے۔

جناب سپیکر: جی۔ سپلیمنٹری سوال پکبنے شتہ بی بی؟

محترمہ نور سحر: جی۔جناب سپیکر صاحب، میں نے ان سے یہ پوچھنا ہے کہ انہوں نے یہ کہا ہے کہ ہمیں وفاقی حکومت سے این او سی نہیں دی گئی ہے، وفاق کی طرف سے پابندی ہے، ان کا مطلب ہے توان کے پاسNegative listہے، وفاق کی طرف سے ان پر جو پابندی لگائی گئی ہے توان کے پاس Negative listہے ؟انہوں نے تو کوئیNegative list provideنہیں کی جس سے ان پر پابندی لگائی گئی ہے۔

جناب سپیکر: وہ تو شرط ختم کر دی گئی ہے۔

محترمہ نور سحر: سر!

جناب سپیکر: جی، سپلیمنٹری سوال؟ یو منٹ جی۔ تاسو مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔اس بات کا تو اعتراف ہے کہ ہمارے صوبے کے حالات امن کے لحاظ سے ٹھیک نہیں ہیں اور اس کا زیادہEffectجو ہوتا ہے، وہ ظاہر ہے صنعت و حرفت کے محکمے پر ہوتا ہے۔

جناب سپیکر: سوال کیا ہے جی؟

مفتی کفایت اللہ: سوال یہ ہے کہ جس طرح وہ اہداف وصول کرنے چاہیئے تھے، وہ اہداف وصول نہیں کیے ہیں۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ دہشت گردی کے نام پر جو جنگ ہے، اس میں زیادہ سے زیادہ ہم فنڈ لیتے اس کیلئے، ایسا نہیں ہوا تو اگر وزیر صاحب بتادیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔

جناب سپیکر: جی مفتی۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، اودریږه جی، دا منور خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ انہوں نے کچھ انڈسٹریز کے نام لکھے ہیں کہ ان کو وفاق این او سی دیتا ہے۔ میرا کوئسچن سر منسٹر صاحب سے یہ ہے کہ کیا اس لسٹ میں شوگر انڈسٹری بھی شامل ہے، کہ اس پر بھی کوئی پابندی ہے کہ نہیں سر؟

جناب سپیکر: جی سکندر خان شیر پاؤ صاحب، شوگر انڈسٹری۔

جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ زما د وزیر صاحب نه دا سپیلیمنټری کوئسچن دے جی، اردو میں، میرا یہ سپلیمنٹری سوال ہے جناب کہ جز(ب) میں انہوں نے وزیراعظم صاحب کی طرف سے جو مراعات کے پیکج کا ذکر کیا ہے اور اس میں ذکر کیا ہے کہ مختلف مراعات دی گئی ہیں صوبے کو، اس پیکج کے نتیجے میں کتنی بہتری آئی ہے، کتنے نئے کارخانے لگے ہیں اور کتنا فرق پڑا ہے؟ اس کا ذرا اگر ہمیں بتائیں۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Industries, please.

سید احمد حسین شاہ (وزیر صنعت و حرفت): شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ پہلے تو نور سحر بی بی نے جو فرمایا، اس میں میں وضاحت کرتا چلوں کہ ہم صوبے میں کسی قسم کی کوئی این او سی نہیں دیتے کیونکہ این او سی کا انتظام فیڈرل گورنمنٹ نے ختم کر دیا تھا، ہم صرف یہ کرتے ہیں کہ جب پلاٹ الاٹمنٹ کی جاتی ہے Industrialist کو، اس وقت وہ اپنی پلاٹ الاٹمنٹ کی درخواست کے ساتھ فزیبلٹی Put up کرتا ہے، اس فزیبلٹی کو ہم چیک کرتے ہیں، اگر وہ فزیبل ہوتی ہے تو ہم اسے پلاٹ الاٹمنٹ کر دیتے ہیں اور پھر Within three years اس نے اپنا کارخانہ لگانا ہوتا ہے، این او سی نہیں دیتے بلکہ ہم صرف فزیبلٹی چیک کرتے ہیں۔ دوسری بات جو آپ نے Negative list کی کی تو صاف طور پر اس جواب میں لکھا ہوا ہے کہ کرنسی نوٹوں کی چھپائی، تابکاری مواد، دھماکہ خیز مواد، اسلحہ سازی اور الکوحل سے متعلق ہو تو ان کی این او سی جو ہے، فیڈرل گورنمنٹ سے لینا پڑتی ہے، یہ ہماری Negative list کے اندر ہے۔ تیسری بات جو آپ نے فرمائی شوگر کے بارے میں، تو شوگر انڈسٹریز جو ہے، وہ فیڈرل سبجیکٹ ہے، اس کی ہم این او سی نہیں دیتے، ہم اس کیلئے پلاٹس کی الاٹمنٹ کرتے ہیں لیکن اس کی اجازت جو ہے، وہ Negative list کے اندر نہیں ہے لیکن وہ نمبر آف انڈسٹریز کے مطابق وفاق اس کی اجازت دیتا ہے کہ شوگر انڈسٹریز مزید لگائی جا سکتی ہیں اور آپ نے بات کی جو پرائم منسٹر پیکج کے بارے میں، تو اس کے اوپر کافی سارا کام ہو چکا ہے جی، کافی سارے اس کے ایس آر اوز جاری ہو چکے ہیں اور اس کے اوپر کام ہو رہا ہے۔ گو کہ کوئی نئی

انڈسٹری اس کی وجہ سے نہیں لگی ہے، ابھی تک ہمارے ہاں کیونکہ ہمارے جو ابھی حالات ہیں، وہ نئی انڈسٹری لگنے کے قابل نہیں ہیں، نئی انڈسٹری لگی نہیں ہے لیکن آپ کی جو Running Industries ہیں، اس میں کافی زیادہ بہتری آئی ہے اور ہمیں امید ہے کہ Running Industries میں بہتری آنے کی وجہ سے نئی انڈسٹریز بھی لگنا شروع ہو جائیں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ تھینک یو جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، میں منسٹر صاحب کی۔۔۔۔

جناب سپیکر: دوسرا، سپلیمنٹری تو ہو گئے بس۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میں منسٹر صاحب سے ایک وضاحت چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میری اسی ڈیپارٹمنٹ پر ایک Application پڑی ہوئی ہے کہ میں ایک Extension چاہتا ہوں سر، ایک نئے شوگر مل کی Extension، تو اس کے سلسلے میں وہ ابھی تک ان کے پاس پینڈنگ پڑی ہے۔ وہ Objection لگا رہے ہیں اور میرے خیال میں ابھی تک ان کے پاس پڑی ہے، اگر این او سی کی ضرورت نہیں ہے تو کوئی مجھے Extension یا ان کو Extension کیوں نہیں مل رہی؟

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، ایک منٹ ذرا، پھر کیا۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: میں نے منسٹر سے پوچھا ہے کہ یہ باقاعدہ Negative list جاری ہوتی ہے، جس وقت این او سی کا مسئلہ آتا ہے تو ایک باقاعدہ Negative list ان کو جاری ہوتی ہے۔ اگر ان کے پاس وفاق کی طرف سے Negative list نہیں ہے تو کیا ان کے پاس Provincial Negative list ہے جو 92ء میں ان کو ایشو ہوئی ہے؟

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر صاحب۔

وزیر صنعت و حرفت: پہلے میں آپ سے گزارش کروں گا کہ میں معذرت خواہ ہوں کہ آپ کا یہ کیس میرے علم میں نہیں ہے، آپ سے میں گزارش کروں گا کہ آپ اسمبلی کے بعد مجھ سے ڈسکس کر لیں، اس وقت کسی بھی قسم کا کوئی مسئلہ ہو گا تو ہم بیٹھ کر اس کو حل کرنے کی کوشش کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ اور دوسرا جو نور سحر بی بی نے کہا کہ Negative list ہمارے پاس وفاق کی طرف سے اور صوبے کی طرف

سے بھی موجود ہے اور جو فزیبلٹی انڈسٹریز کیلئے آتی ہے، اس فزیبلٹی کو Negative list کے ساتھ چیک کیا جاتا ہے کہ وہ Negative list میں ہو تو پھر ہم اس کی اجازت، پلاٹ الاٹمنٹ ہی ہم نہیں کرتے تو Negative list ہمارے پاس موجود ہے اور اس کے مطابق ہی فزیبلٹی چیک کی جاتی ہے۔

محترمہ نور سحر: یہ سن 92ء میں Negative list ایشو کی گئی ہے اس پر اور ابھی اس کو بیس سال ہو گئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان کو ایک Negative list فراہم کی جائے۔

محترمہ نور سحر: نہیں سر، میں چاہتی ہوں کہ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو بی بی! اور کیا چاہتی ہیں آپ؟

محترمہ نور سحر: بائیس سال گزر گئے ہیں تو محکمہ ہمارے اس منصوبے کیلئے کہ اتنے، بیس / بائیس سال سے جو این او سی انہوں نے Provide نہیں کرنی ہے، اس میں اور صنعتیں نہیں لگانی ہیں، بس ادھر کے ادھر ہی ہم رہیں گے جب سے یہ 92ء میں یہ Negative list ایشو ہوئی تھی، اس کیلئے ہم کوئی ہاتھ پاؤں نہیں ماریں گے، بس اسی طرح بیٹھے رہیں گے کہ جب تک ہمیں وہاں سے این او سی نہیں ملے گی؟ یہ تو غلط بات ہے۔

جناب سپیکر: کہاں سے این او سی نہیں ملے گی؟

محترمہ نور سحر: سر، ہمارا اتنا غریب صوبہ ہے، اس میں ڈیویلپمنٹ ہونی چاہیئے، ایک نئی ڈیویلپمنٹ، یہ تو اگر اپنی گورنمنٹ سے ڈیمانڈ نہیں کریں گے تو کب کریں گے؟

جناب سپیکر: نہیں، یہ کسی اور طرف جا رہی ہے شاہ صاحب، یہ کوہاٹ ڈویژن میں جو آپ کو پہلے بھی بتایا گیا تھا کہ اس میں کچھ سروے کریں، گیس ادھر نکلی ہے، فیڈرل گورنمنٹ بھی چاہ رہی ہے، اس سروے میں کچھ آپ کی پیش رفت ہوئی ہے کہ نہیں ہوئی ہے؟

وزیر صنعت و حرفت: جی سر۔ ایسا ہے کہ Negative list پر میں پہلے مطمئن ان کو کر دوں۔

جناب سپیکر: تو وہ لسٹ ان کو دی جائے نا۔

وزیر صنعت و حرفت: Negative list کو بدلنا اور نئے کارخانے لگانا، اس میں بڑا فرق ہے۔ Negative list کے کارخانوں کو ہم وفاق کی اجازت کے بغیر اجازت نہیں دے سکتے کیونکہ Negative list کی کوئی Importance ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی کارخانہ لگانا چاہتا ہے تو ہم اس کو

زیادہ سے زیادہ Facilitate کرتے ہیں تاکہ مزید کارخانے ہمارے صوبے کے اندر آئیں اور جو کرک اور کوہاٹ کی ہم نے بات کی ہے تو ہمارے پریذیڈنٹ پاکستان، جناب آصف علی زرداری صاحب نے بھی یہ وعدہ فرمایا ہے کہ کرک میں ایک ایسا انڈسٹریل زون بنایا جائے جس میں کرک کی جو گیس ہے، اس کے ذریعے پاور جنریشن وہاں پر کی جائے اور وہاں پر ایک انڈسٹریل سٹیٹ قائم کی جائے جس کا آپ نے بھی مجھے حکم صادر فرمایا تھا کہ اس کے اوپر کام کریں، تو آج سے کوئی تین دن پہلے ہماری ٹیم جو ہے، کوہاٹ اور کرک گئی ہے اور دونوں جگہوں پر ہم نے انڈسٹریل سٹیٹ قائم کرنے کیلئے جگہ دیکھی ہے، وہ ہمارے پراسس میں ہے اور بہت جلد انشاء اللہ تعالیٰ جگہ Identify کرکے ہم وہاں پر ایک ایسی انڈسٹریل سٹیٹ قائم کریں گے کرک میں، جس سے گیس سے جنریشن ہو اور وہ سستی بھی پڑے اور زیادہ سے زیادہ کارخانے وہاں پر لگیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you, thank you ji.

<u>میاں نثار گل کاکاخیل:</u> سر، اس میں میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی میاں نثار گل صاحب، ضمنی کوسچین۔

<u>میاں نثار گل کاکاخیل:</u> تھینک یو سر۔ جناب سپیکر، آپ نے کہا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ لمبا ہو گیا لیکن خیر ہے۔

<u>میاں نثار گل کاکاخیل:</u> جی بڑا اہم سوال ہے سر، جس طرح منسٹر صاحب نے فرمایا، آپ نے بھی فرمایا تھا کہ زرداری صاحب 'انٹرسٹڈ' ہیں کہ جنوبی اضلاع میں اور Specially کرک اور کوہاٹ میں کارخانے بن جائیں اور میرے خیال میں آپ نے وعدہ بھی کیا تھا کہ میں کسی وقت، مناسب موقع پر کرک جاؤں گا اور ابھی منسٹر صاحب نے فرمایا کہ تین دن پہلے ٹیم بھی گئی ہے، معائنے والی ٹیم بھی گئی ہے۔ جناب سپیکر، ہم عوامی نمائندے ہیں، بلکہ میں تو اس کا ممبر بھی ہوں، ادھر بھی اور گھر میں بھی ساتھ ہی رہتے ہیں اکٹھے، مجھے پتہ نہیں ہے کہ کرک کو ٹیم بھجوائی ہے نہ ملک قاسم صاحب کو پتہ ہے، تو یہ کس طرح لوگوں کے ساتھ Contact کرے گی کہ وہ کوئی جگہ بنے گی؟ چاہیئے تو یہ تھا کہ عوامی نمائندوں سے مل کر کے ایک جگہ منتخب ہو تو پھر اچھا ہو گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ ان کا جو ڈیپارٹمنٹ ہے، وہ چھپ چھپ کر پھرتے ہیں۔ ایس ڈی اے والوں نے اس میں کوئی اتنی اچھی پرفارمنس نہیں دکھائی تو وہ جائیں گے بھی تو تھوڑا چپکے چپکے سے جائیں گے۔

<u>وزیر صنعت و حرفت:</u> دراصل ہمارا، میں عرض کرتا چلوں کہ ہمارا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر صنعت و حرفت: کہ ہمارا یہ ہے کہ پہلے ہم اپنے کنسلٹنٹس کو بھیجتے ہیں اور جو وہاں پر کارخانہ کیلئے فزیبل جگہیں ہوتی ہیں، تین چار جگہیں، وہاں پہ اس کو کر لیا جاتا ہے۔اس کے بعد جو فائنل راؤنڈ وہاں پر جاتا ہے اور دوبارہ سلیکشن ہوتی ہے تو اس میں ہم وہاں کے نمائندوں کو بھی ساتھ رکھتے ہیں اور جو ہمارے حساب سے فزیبل جگہ ہوتی ہے، ان سے مشورہ کیا جاتا ہے کہ ان جگہوں میں کونسی جگہ زیادہ مناسب ہے جس کا انتخاب کیا جا سکے، تو میں انشاء اللہ اپنے ایم پی ایز حضرات کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ جب دوبارہ ہماری ٹیم جائیگی تو ہمارے نمائندوں کے ساتھ ملکر کام کرے گی۔

Mr. Speaker: Thank you, ji.

محترمہ نور سحر: سر، دا کوئسچن کمیټئ ته ریفر کړئ چه-----

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب، کوئسچن نمبر 55۔ایسے ہر سوال کمیٹی کو نہیں ریفر کیا جاتا جب تک کوئی Valid point نہ ہو اور آپ کو منسٹر صاحب کی طرف سے، کسی بھی گورنمنٹ کے نمائندے کی طرف سے صحیح جواب نہ ملے تو پھر یہ ریکویسٹ کیا کریں۔اتنا اچھا جواب آنے کے بعد بھی آپ ہر چیز کمیٹی کو ریفر کرتے ہیں۔جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔

* 55 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا ضلع مانسہرہ میں ہر حلقہ پٹوار کیلئے آٹھ ہزار ایکڑ رقبہ مختص ہے؛

(ب) مذکورہ ضلع میں کتنے پٹوار حلقے ہیں، ان حلقوں میں کتنے پٹوار حلقہ جات آٹھ ہزار ایکڑ رقبہ پر مشتمل ہیں اور کتنے پٹوار حلقہ جات مطلوبہ رقبہ سے کم یا زیادہ ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ(وزیر مال): (الف) جی نہیں۔

(ب) ضلع مانسہرہ ننانوے پٹوار حلقوں پر مشتمل ہے جس میں تحصیل مانسہرہ میں اکسٹھ پٹوار حلقہ جات ہیں جبکہ تحصیل بالاکوٹ اٹھارہ اور تحصیل اوگی میں بیس حلقہ پٹوار ہیں۔

(1) تحصیل اوگی میں کوئی پٹوار حلقہ آٹھ ہزار یا زائد ایکڑ رقبہ پر مشتمل نہیں ہے۔

(2) تحصیل بالاکوٹ میں آٹھ پٹوار حلقہ جات آٹھ ہزار ایکڑ رقبہ سے زائد ہیں، باقی حلقہ جات کا رقبہ آٹھ ہزار ایکڑ سے کم ہے۔

(3) تحصیل مانسہرہ میں دو پٹوار حلقہ جات آٹھ ہزار ایکڑ سے زائد ہیں، باقی حلقہ جات کم رقبہ پر مشتمل ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ میں وزیر صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، اچھی انفارمیشن دیں انہوں نے، البتہ ایک سوال ہے ضمنی طور پر کہ وہ۔

جناب سپیکر: جی، دیکھنے ۔۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: اس میں جی ایک سپلیمنٹری یہ ہے کہ بعض اوقات ایسا ہوتا کہ ایک پٹوار حلقہ بہت لمبا ہوتا ہے، بعض اوقات ایک بہت چھوٹا ہوتا ہے تو اس میں توازن نہیں ہوتا، تو میں یہ انفارمیشن لے رہا تھا، یہ تو انہوں نے دے دی ہیں، اب یہ پوچھنا ہے کہ کیا ان کو متوازن بنانے کیلئے، توازن برقرار رکھنے کا کوئی آپ کا ارادہ ہے یا نہیں؟

جناب سپیکر: جی، جناب آنریبل ریونیو منسٹر صاحب۔

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال): شکریہ سر۔ سر، یہ Actual اس کیلئے صرف آٹھ ہزار ایکڑ نہیں ہوتے، اس میں دو تین چیزیں اور بھی Involve ہوتی ہیں، ان کو دیکھ کر یہ پٹوار حلقے چھوٹے اور بڑے بنتے ہیں جی، اور اگر یہ تفصیل دیکھنا چاہتے ہیں تو آپ دیکھ چکے کہ اس میں کاشت کار قبہ جو ہوتا ہے، یہ مواضعات کے مطابق ہوتا ہے تو اس کے نمبر آف مواضعات جو ہوتے ہیں، اس پہ ہوتا ہے۔ اگر ان کو کوئی مزید تفصیل چاہیئے تو آکر میرے پاس بیٹھ کر میں ان کو دے دونگا جی۔

Mr. Speaker: Thank you. Mufti Kifayatullah Sahib, again.

* 56 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا پٹواریوں اور تحصیلداروں کے خلاف مقدمات موجود ہیں؛

(ب) گزشتہ تین سالوں میں کتنے پٹواریوں اور تحصیلداروں کے خلاف شکایات پر عدالتوں میں مقدمات درج کیے گئے ہیں؛

(ج) آیا محکمہ نے پٹواریوں اور تحصیلداروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی ہے، ہر ایک کی تفصیل ائر وائز اور ضلع وائز فراہم کی جائے، نیز عدالت کے فیصلہ شدہ اور زیر التواء کیسز کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) گزشتہ تین سالوں میں بیالیس پٹواریوں اور نو تحصیلداروں کے خلاف محکمہ انٹی کرپشن نے مقدمات درج کیے ہیں۔

(ج) ضلع چارسدہ میں 2010ء میں ایک پٹواری کو ضلعی ریونیو افسر نے محکمانہ کارروائی کر کے ملازمت سے برطرف کیا ہے۔ اسی طرح ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک تحصیلدار کے خلاف محکمانہ کارروائی ہو کر اس کی تین سالانہ انکریمنٹ بند کی گئی ہیں۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری سوال پکښې شته؟

مفتی کفایت اللہ: اس میں سپلیمنٹری یہ ہے جی، میں تو یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ ہمارے ہاں محکمہ پٹوار میں، مال میں جزاء و سزا کا کوئی تصور ہے یا نہیں ہے؟ تو انہوں نے مجھے Formality پوری کرنے کیلئے کہا ہے، بیالیس پٹواری اور نو تحصیلدار لیکن ان کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں ہوا اور نیچے جو (ج) جز کے اندر یہ بتاتے ہیں کہ ایک آدمی کے خلاف کارروائی ہوئی ہے، برطرف کیا ہے تو وہ کونسی چیز مانع ہے جو ان لوگوں کے خلاف آپ کو کارروائی نہیں کرنے دیتی؟

وزیر مال: سر، یہ بیالیس پٹواری اور نو تحصیلداروں کے خلاف انٹی کرپشن میں کیسز ہوئے ہیں، باقی محکمہ کارروائی کرتا ہے اس میں۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر مال: ہر ایک محکمہ، جو جو انٹی کرپشن کے کیسز ہیں، ان پر وہ بھی انکوائری کرتا رہتا ہے۔ جس میں ہم نے لکھا ہے کہ ابھی تک ایک تحصیلدار ڈی آئی خان میں، اس میں اس کی غلطیاں ثابت ہوئیں، ان کی تین انکریمنٹس بند ہوئیں اور ایک پٹواری کو برطرف کیا گیا تو باقی پر بھی ان کے وہ ہو رہا ہے کیونکہ انٹی کرپشن تو ہر چیز پر کیس رجسٹر کرتا ہے، جب تک ثابت نہ ہو تو اس کے خلاف کچھ نہیں ہوتا جی۔

جناب سپیکر: یہ اس سے بھی ظاہر ہے مفتی صاحب، کہ ایک ضلع میں آپ کے بیالیس پٹواریوں اور نو تحصیلدار، یا کہ پورے صوبے میں ان کے خلاف ہوئی ہے؟

وزیر مال: نہیں سر، پورے صوبے میں یہ ہوئی ہے۔

جناب سپیکر: اچھا اچھا۔

جناب عبدالاکبر خان: سر! پورے صوبے میں جو ہے، صرف ایک پٹواری کو برطرف کیا گیا ہے تو مطلب ہے کہ-----

ایک آواز: جو بعد میں بحال ہو جاتا ہے۔

جناب سپیکر: بحال ہو جاتا ہے؟ صرف ایک پٹواری، وہ تین دن ایسے پہلے بھی ضائع، ضائع تو نہ ہوئے، یہ آج پھر آئے گا، باقی پٹواریوں کا ذکر ادھر اس میں کر دیا۔ جی مفتی کفایت اللہ صاحب، Again، سوال نمبر 57۔

* 57 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا ضلع مانسہرہ میں حسب ضرورت پٹواری بھرتی کیے گئے ہیں;

(ب) سال 2002 سے اب تک کتنے پٹواری بھرتی کیے گئے ہیں، ان کی میرٹ لسٹ فراہم کی جائے;

(ج) مذکورہ سالوں میں بھرتی ہونے والے پٹواریوں کے نام، ولدیت، سکونت اور شناختی کارڈ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع مانسہرہ میں سال 2002 سے اب تک پچپن پٹواری بھرتی کیے گئے ہیں۔ میرٹ لسٹ ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ج) مطلوبہ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ آپ کا بھی اور شکریہ وزیر صاحب کا بھی۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Again Mufti Sahib.

* 58 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا ضلع مانسہرہ کی حدود صوبہ گلگت بلتستان (شمالی علاقہ جات) سے ملحق ہیں;

(ب) آیا ضلع مانسہرہ اور گلگت (بلتستان) کے درمیان کوئی متنازعہ علاقہ ہے، متنازعہ علاقہ کا رقبہ کتنا ہے اور اس کا حدود اربعہ کیا ہے;

(ج) حکومت نے اس متنازعہ علاقہ کو حل کرنے اور اپنا حق جتانے کیلئے کیا اقدامات کیے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع چلاس کے باسی بابو سر ٹاپ سے جل کھڈ تک کے علاقہ کو اپنی حدود وملکیت کا دعویٰ کرتے ہیں جبکہ یہ علاقہ ضلع مانسہرہ کا حصہ ہے اور کاغذات مال میں بھی اندراج ہے۔ ضلع چلاس والے اپنے دعوے کو صحیح ثابت کرنے کیلئے گیٹی داس میں وقتاً فوقتاً پولو میچ کراتے رہے ہیں۔

(ج) حکومت نے پچھلے دو سالوں سے چلاسیوں کو پولو میچ منعقد نہیں کرنے دیا۔ پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ موسم گرما میں سیزنل پولیس چوکی بابو سرٹاپ پر قائم کرے۔

<u>جناب سپیکر:</u> مفتی کفایت اللہ صاحب۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> اس میں جی ایک ضمنی سوال ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> یہ جو حدود متعین ہوتی ہیں، اس کے بارے میں ہمارے ہاں ہزارہ کے ساتھ، ضلع مانسہرہ کے ساتھ گلگت اور بلتستان کی حدود ہیں، ہر سال وہاں لڑائی کی کیفیت ہوتی ہے۔ ایک علاقہ ہے، وہ احمد حسین شاہ صاحب اس علاقے سے زیادہ بہتر واقف ہیں، ان کا تعلق بھی اسی حلقے سے ہے، ایک علاقہ ہے، وہ ضلع مانسہرہ میں ہے تو گلگت دیامیر والے اس پر اپنا حق جتاتے ہیں۔ وہ جس پر حق جتاتے ہیں تو وہاں پولو کا میچ ہوتا ہے، وہاں پر اپنی Activities کرتے ہیں تو جس طرح وہ اپنا حق جتاتے ہیں، اس طرح ہمارا صوبہ اپنا حق نہیں جتاتا، تو ہم نے ایک ایک انچ کیلئے لڑنا ہے، تو میں محترم سے کہوں گا کہ جو تفصیلات آپ نے فراہم کی ہیں، وہ قابل اطمینان نہیں ہیں، اس میں کوئی مزید اطمینان بتایا جاسکے تاکہ ہمارا علاقہ گلگت دیامیر بلتستان کے صوبے میں ضم نہ ہو جائے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Ji, honourable Minister for Revenue.

<u>وزیر مال:</u> سر، ایسی کوئی بات نہیں ہے، جو ہم اپنا علاقہ سمجھتے ہیں، ہم نے ان کو روکا ہوا ہے، وہاں اب نہیں ہو رہا ہے، وہ لوگ راضی نہیں ہو رہے اور ہم نے پولیس کو بھی حکم دیا ہوا ہے کہ اس علاقے میں ان کو قبضہ کرنے نہیں دیں گے، انشاء اللہ۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جناب سپیکر، وہ اس طرح ہوتا ہے کہ جن دنوں میں وہ کرتے ہیں، ان دنوں ہمارا صوبہ کچھ نہیں کرتا، جب وہ چلے جاتے ہیں تو جا کر وہاں پر یہ پوسٹ بنا لیتے ہیں پولیس کی۔ میں کہتا ہوں یہ اقدامات کافی نہیں ہیں، مطمئن نہیں ہیں، چونکہ زمین کا مسئلہ ہے اس کے اندر تو ہم کوئی Compromise نہیں کر سکتے، جس طرح اپنی حد بندی نکالنی چاہیئے اس طرح نہیں نکلی۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، لیکن مفتی صاحب! یہ ایک Healthy activity تو نہیں ہے کہ آپ پولیس خالی بٹھا دیتے ہیں، ان کو بھی منع کرتے کہ پولو مت کھیلو (قہقہے) This is not a healthy response to this question، تو آپ بھی پولو سیکھ لیں نا، تاکہ آپ لوگ ادھر پولو کھیلیں نا۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں، وہاں مسئلہ پولو کا نہیں ہے، مسئلہ ملکیت زمین کا ہے۔ ہمارے ہاں اتنے قابل اطمینان اقدامات نہیں ہوتے کہ ہم اس کو حاصل کریں۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، شاید وہ ذرا اچھا جواب دے دیں۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: میں مفتی صاحب کو یہ تسلی دیتا ہوں فلور آف دی ہاؤس پہ کہ انشاء اللہ حکومت اپنی ایک انچ زمین بھی کسی دوسرے صوبے کو نہیں دے گی اور ہم انشاء اللہ اس کا مکمل کنٹرول کریں گے۔ اگر وہ آکر پولو میچ کھیلتے ہیں تو کوئی پابندی نہیں ہے، کوئی بھی کھیل سکتا ہے مگر حد جو ہے وہ ہمارے صوبے کی ہوگی اور ہمارے صوبے میں ہے اور اس میں کوئی Compromise انشاء اللہ نہیں ہوگا۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، وہ پولو اس لئے کھیلتے ہیں کہ وہ اپنی ملکیت سمجھ کر کھیلتے ہیں۔ جناب، وہ اس جگہ کو اپنی زمین سمجھ کر وہاں پر میچ کھیلتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: احمد حسین شاہ، احمد حسین شاہ، پلیز۔ جی شاہ صاحب! کیا ہے، مسئلہ کیا ہے؟

سید احمد حسین شاہ (وزیر صنعت و حرفت): سر، میں تھوڑی سی آپ سے گزارش کروں گا کہ جو مفتی صاحب نے یہ پوائنٹ اٹھایا ہے، یہ انتہائی Important ہے اور میں انکا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے یہ بات یہاں پر کی ہے۔ اس میں سر کافی عرصے سے، کافی سالوں سے یہ جو سکردو والے لوگ ہیں، وہ اس جگہ کو اپنی جگہ سمجھ کر وہاں پر پولو کھیلتے ہیں، ہماری جگہ سمجھ کر پولو نہیں کھیلا جاتا بلکہ جب ہم وزٹ پر سی ایم کے ساتھ ایک دفعہ سکردو گئے بھی، تو وہاں کے جو ڈی سی او ہیں، انہوں نے یہ کہا جی کہ سکردو میں ہمارے پاس بڑی اچھی جگہ ہے اور ساتھ اس جگہ کا نام بھی لیا کہ یہ بھی ہماری جگہ ہے تو یہ بڑا سیریس معاملہ ہے۔ اس میں ریونیو ڈیپارٹمنٹ اور بشیر بلور صاحب سے بھی گزارش کروں گا، گو کہ حکومت اس کے اوپر کافی کام کر رہی ہے لیکن اس کو جو ہے، وفاق کے حوالے نہ کیا جائے بلکہ اس پہ سختی سے عمل کیا جائے کیونکہ جس جگہ کے اوپر وہ پولو کھیلتے ہیں، وہ واجب الارض کے مطابق ہمارے صوبے کا حصہ ہے اور وہ ہسٹری ہے ہمارے صوبے کی، اس کو وہ قبضہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کئی مرتبہ وہاں پولیس بھی بھیجی گئی ہے لیکن اس کے باوجود ان لوگوں نے یہ کام یہاں پر آکر کیا ہے، تو میری گزارش ہوگی کہ آپ اس کے اوپر رولنگ بھی دیں کہ اس مسئلے کو Seriously لیا جائے اور گورنمنٹ Seriously اس کے اوپر کام کرے۔

جناب سپیکر: نہیں، ادھر کچھ آبادی ہے؟

وزیر صنعت و حرفت: جی ہاں، آبادی تو وہاں پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مقامی آبادی ہے؟

وزیر صنعت و حرفت: آبادی وہاں پہ زیادہ نہیں ہوتی جی، کیونکہ وہ برفانی علاقہ ہے تو وہاں پہ آبادی، صرف Summer کے دنوں میں وہاں پر لوگ جاتے ہیں اپنے مال مویشی چرانے کیلئے اور پھر واپس آجاتے ہیں، Permanent آبادی نہیں ہے، تو میری یہ گزارش ہو گی کہ بارڈر لائن کے اوپر گورنمنٹ وہاں پر زمین بھی Acquire کرے، ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے تاکہ ہماری ایک تو Writ وہاں پر قائم ہو جائے اور ساتھ ساتھ وہاں پر ٹورازم کا ایک بہت اچھا کام بھی ہو سکتا ہے، ہزاروں میل کے ایریا کے اندر وہ ایک بہت بڑا میدان ہے اور بہت ہی خوبصورت علاقہ ہے جو ہمارے صوبے کا حصہ ہے، وہ سکردو کا حصہ یا گلگت بلتستان کا حصہ نہیں ہے جی۔

جناب سپیکر: جی ٹورازم کے وزیر صاحب ہیں نہیں، ٹورازم ہمارے شاہ صاحب ڈیل کرتے ہیں نا؟

مفتی کفایت اللہ: سر، کمیٹی کو ریفر کریں تاکہ صحیح پتہ لگ جائے اس کے بارے میں۔

جناب سپیکر: جی، بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں نے عرض کیا ہے کہ حکومت، ہمیں پتہ ہے اس کیس کا، وہاں پہلے اختلاف بھی ہوا تھا، اس پہ میٹنگز بھی ہوئی ہیں، یہ میں آپ کو فلور آف دی ہاؤس پہ عرض کرتا ہوں کہ انشاء اللہ ایک انچ زمین بھی اپنے صوبے کی کسی کو نہیں دیں گے۔ جیسے میرے بھائی نے کہا کہ وہاں ڈی سی او صاحب بھی ہمارا ہے، Writ بھی ہماری ہے، پولیس بھی ہماری ہے، حکومت بھی ہماری ہے اور وہ اگر Claim کرتے ہیں تو ان کی مرضی مگر ایک انچ زمین بھی ان کو ہم نہیں دیں گے اور یہ ہمارا علاقہ ہے اور اس کے بارے میں ہم نے دو تین میٹنگز بھی کی ہیں۔ میں آپ کو تسلی، کمیٹی میں جائے گا تو کیا ہو جائے گا؟ میں یہ عرض کرتا ہوں، ہم کچھ نہیں دیں گے، اگر آپ کمیٹی میں بھی دیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ میں فلور آف دی ہاؤس پہ یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ ہمارا علاقہ ہے، اس میں ایک انچ زمین بھی ہم کسی دوسرے گلگت بلتستان ہو یا مرکز ہو، کسی کو بھی ہم نہیں دیں گے۔ ہمارا وہاں ڈی سی او بیٹھا ہوا ہے، ہماری وہاں پولیس ہے، وہ کیسے ہم سے لے سکتے ہیں؟ سوال ہی نہیں پیدا ہوتا، یہ ہمارا حق ہے، اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے، وہ بھی

ہمارے بھائی ہیں، ہم کسی کے ساتھ اختلاف نہیں چاہتے مگر ہمارا حق ہے تو اپنا حق کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی، لیکن بشیر بلور صاحب! اگر ایسا ہو جائے نا، کہ کوئی ریسٹ ہاؤس یا کوئی ٹورازم، کوئی اچھی سی، وہ ہماری صوبائی حکومت قائم کرے تاکہ وہ علاقہ پکا ہماری اس میں رہے۔

جناب عبدالاکبر خان: قبضہ لے لیں۔

جناب سپیکر: وہ قبضہ لینے والی بات ہو گی نا، یہ میرے خیال میں شاہ صاحب آ جائیں گے نا، ٹورازم کے وزیر صاحب اور آپ بھی، بشیر بلور صاحب۔

وزیر صنعت و حرفت: سر، وہ سادات کا غان کی ملکیت ہے، ہم اس میں مالک ہیں تو میں گورنمنٹ کو یہ آفر کرتا ہوں کہ ہم Free of cost وہاں پر آپ کو جگہ دیتے ہیں، وہاں پر جگہ Acquire کر لیں اور وہاں پہ اپنے ریسٹ ہاوسز بنالیں تاکہ ٹورازم بھی ڈیویلپ ہو اور ہماری جگہ کا قبضہ بھی ہو جائے جی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! دوئ د کمیتئ مخالفت ولے کوی جی؟

جناب سپیکر: نه کمیتئ کښے به پرے څه اوکړو جی؟

مفتی کفایت اللہ: دلته خو هم څه نه کیږی کنه جی، یو ایشو ده، هغه ایشو به هم Resolve شی کنه جی۔

جناب سپیکر: اسمبلئ سره هیڅ هم ریسټ هاؤس نشته، که تاسو غواړئ نو د اسمبلئ یو ریسټ هاؤس به پرے جوړ کړو جی۔ (قہقہہ)

مفتی کفایت اللہ: او جی۔ او، او۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): سپیکر صاحب! دا ستاسو تجویز ډیر مزیدار دے جی، دا بشیر بلور صاحب د پاخی او دا ستاسو چه کوم تجویز دے، دے سره د اتفاق اوکړی او دوئ د په هاؤس کښے اووائی چه دلته به مونږ بنګلے ریسټ هاؤس جوړ کړو، چه هغه قبضه ځائے دے نو دا ټوله مسئله به د دے یو ریسټ هاؤس سره ختمه شی جی۔

مفتی کفایت اللہ: خیبر پختونخوا هاؤس جی، خیبر پختونخوا هاؤس جوړ کړئ۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! بنه دے، تجویز بنه دے، لږ څه سوچ پرے اوکړئ۔

سینیئر وزیر (بلدیات): انشاء اللہ۔

جناب سپیکر: دا کوشش اوکړئ چه دا جوړ کړئ جی، وړوکے جوړ کړئ خو جوړ کړئ چه صرف زمونږ د صوبے حق پکښے ثابت شی۔ ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں محمود عالم صاحب۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! یو سوال پاتے دے جی۔

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: دا دوئ نمبر نه دے لګولے ، بیا ئے کټ کړے دے جی۔

Mr. Speaker: 59, 59.

* 59 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر مال ازارہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا محکمہ مختلف اضلاع میں نیا بندوبست کر رہا ہے، آیا ضلع مانسرہ بھی نئے بندوبستی اضلاع میں شامل ہے;

(ب) مذکورہ ضلع کے کن کن حلقوں کو پہلی ترجیح میں رکھا ہے، دوسری ترجیح کے حلقے اور مواضعات کون کون سے ہیں، نیز کب تک ضلع کا Settlement مکمل ہونے کا امکان ہے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم (وزیر مال): (الف) جی ہاں، ضلع چترال میں نیا بندوبست جاری ہے۔ مکمل ضلع مانسرہ نہیں بلکہ تحصیل مانسرہ میں ترمیمی بندوبست اراضی کروانے کا حکم صوبائی حکومت نے جاری کیا ہے۔

(ب) ترمیمی بندوبست ہونے کی وجہ سے ان مواضعات میں کام شروع کیا جا سکتا تھا۔ جن کے کاغذات مال ورجسٹر حقداران مکمل ہو چکے تھے۔ اس طرح گرداور سرکل پھلڑہ کے دس مواضعات میں کام ترمیمی بندوبست شروع کیا گیا۔

پٹوار حلقہ بٹل، جانگلی، لاچی سنگ، جبوڑی، بھیر کنڈ، ملک پور، لبڑ کوٹ، سنڈے سر، مونگن، نوکوٹ، ترنگڑی، صابر شاہ، ندھیان، عنایت آباد، شنکیاری، دھڑیال، مانسرہ نمبر2، داتہ، سفیدہ، پوٹھہ اور لسان ٹھکرال میں مواضعات کے رجسٹر حقداران زمین مکمل ہو چکے ہیں۔ وہاں بھی کام ترمیمی بندوبست شروع کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے ترمیمی بندوبست مانسرہ 1935 میں شروع ہوا اور 1947 میں ختم ہوا تھا۔ یہ

بندوبست تقریباً60 سال کے وقفہ کے بعد ہو رہا ہے اس لئے میعاد تکمیل کے بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا، تاہم کوشش کی جارہی ہے کہ کام ترمیمی بندوبست جلد از جلد مکمل کیا جا سکے۔

مفتی کفایت اللہ: دیکبنے جی نہ ضمنی سوال کول غواړمہ، نہ Press کول غواړمہ، پہ دے باندے د اطمینان اظہار کومہ جی۔

وزیر مال: یہ بہت اچھا ہوا کہ مفتی صاحب مطمئن ہوئے ہیں جی، میں ان کا مشکور ہوں جی، میں مفتی صاحب کا مشکور ہوں کہ وہ مطمئن ہیں جی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں: محمود عالم صاحب12 تا 17اپریل 2011; حاجی قلندر خان لودھی صاحب15اپریل 2011; وجیہہ الزمان صاحب 15اپریل 2011; نصیر محمد خان میداد خیل صاحب15اور 16اپریل 2011; پرنس جاوید صاحب 15 اپریل 2011; عدنان وزیر صاحب15اپریل 2011; راجہ فیصل زمان صاحب15اپریل 2011; ستارہ ایاز بی بی 15 اپریل 2011; جاوید عباسی صاحب15 اپریل 2011; اقبال دین فنا صاحب 15 اپریل2011۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

تحریک التواء

Mr. Speaker: Zakirullah Khan, to please move his adjournment motion No. 265. Dr. Zakirullah Khan.

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔جناب سپیکر صاحب، اسمبلی کی معمول کی کارروائی روک کر ایک اہم مسئلے پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے، وہ یہ کہ خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین اپنے جی پی فنڈ سے ضرورت یا کسی ایمرجنسی کے وقت اپنا جی پی فنڈ نکلواتے ہیں لیکن ایک ہی آفس سے مذکورہ بل پاس ہونے کے بعد شیڈول سٹیٹ بینک کو بھیجا جاتا ہے اور یہ شیڈول ایک مہینہ میں دو دفعہ بینک بھیجا جاتا ہے جس کی وجہ سے مذکورہ رقم ملنے میں کئی ہفتے لگ جاتے ہیں اور غریب اور مجبور ملازمین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لہذا اس سسٹم کو آسان بنایا جائے اور بل پاس ہونے کے فوراً بعد بینک کو شیڈول بھیجا

جائے تاکہ ضرورتمند ملازمین کی ضروریات فوراً پوری ہو سکیں اور یا اس مشکل سے نکلنے کیلئے پرانا طریقہ بحال کیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب! زه لږ غوندے په دے باندے دغه کول غواړمه. یو جی د دے زړه طریقه وه چه په هغے باندے به دا بل کله جوړ شو نو دا به اے جی آفس ته اولیږلے شو. اے جی آفس به دا بیا واپس د ډی ډی او په 'تهرو' باندے متعلقه ادارے ته لکه چیک راواولیږو او هغه به پیش شو او ډائریکټ به هغه کس ته پیسے ملاؤ شوے، د تکلیف نه به بچ شو او د هغے مصیبت د ګرځیدو نه به بچ شو. اوس دا کومه نوے طریقه چه دوئ دغه کړے ده، نو په دیکښے خو اے جی آفس ته بل لاړ شی، اے جی آفس والا چه کله دا بل پاس کړی نو دا هلته جمع کوی او بیا پینځلس ورځے پس لکه په میاشت کښے دوه دفعه دا بیا سټیټ بینک ته لکه شیډول، دا شیډول سټیټ بینک ته لیږی نو په دیکښے کافی وخت تیر شی. که د چا ضرورت وی ورته، چا ته د مړی د تجهیز و تکفین خبره وی یا د هغه د بچو د دغه خبره وی یا بل څه افت پرے راغلے وی او د جی پی فنډ پیسے راویستل غواړی نو بس دا سړے که هلته اے جی آفس ته پخپله باندے اورسی جی، اے جی آفس ته که پخپله اورسی نو اے جی آفس والا ورته وائی چه مونږ دا ستا بل بینک ته لیږلے دے. بینک ته چه راځی نو دلته هم پته ورته نه لګی جی ځکه چه هغه غریب ملازم به څه اوکړی؟ بینک والا ورته کوم پروټوکول ورکوی یا دغه اے جی آفس والا ورته کوم ورکوی؟ جناب سپیکر صاحب، دا ډیره اهم مسئله ده. د یو سړی جی خپل جی پی فنډ دے، خپلے پیسے دی او د هغه د هغے راویستلو د پاره عزت نفس مجروحه کیږی. زه دا درخواست کوم جی چه هغه زړه طریقه بحال کړئ چه کوم د ډی ډی او په 'تهرو' باندے ډائریکټ چیک به راتلو متعلقه ادارے ته او هغه به کیش کیدو، یا دغه خبره ده یا بیا دا ده جی چه دوئ یو ملازم ته وائی تاسو په بینک کښے، شیډول بینک کښے چرته به یو بینک وی، اکاؤنټ کهلاؤ کړئ نو اکاونټ چه کهلاؤ هم کړی او یو غریب سړے خو اول کهلاولے نه شی او که کهلاؤ ئے کړی جی نو بیا یوه تنخواه به د هغے نه Draw کوی نو وروستو به ورته بیا دا بل جمع کیږی چه هغه د غریبو خلقو د پاره، د کلاس فور د پاره قطعاً ممکنه نه ده.....

جناب سپیکر: ډاکټر صاحب! فنانس منسټر شته نه، فنانس منسٹر ہیں؟ تاسو به جواب ورکوئ؟

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)}: او جناب۔

جناب سپیکر: د رحیم داد خان نه به جواب واورو جی۔ دا Public facilitation یو ښه دغه تاسو راوړو، ښه دے دا خو د دوئ خپلے پیسے دی، جی پی فنډ کښے خو د گورنمنټ یا د بل چا څه کار هم نه وی۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: بالکل ٹھیک ده۔

جناب سپیکر: خپلے پیسے دی کنه، دا د ملازمینو خپلے پیسے وی، فنډ وی که څه وی؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جی پی فنډ ئے خپلے پیسے دی جی۔

جناب سپیکر: جی پی فنڈ ان کا اپنا وہ ہے نا۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: خپلے پیسے دی جی۔

جناب سپیکر: ابھی ایڈمٹ ہو جائے یا کیا کرتے ہیں؟ جی رحیم داد خان۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی): جناب سپیکرا دے وخت کښے فنانس منسټر نشته، ډیر تفصیل سره به ئے جواب ورکړے وو خو ملازمین دی، زمونږه ورونړه دی او ملازمین چه خوشحاله نه وی، حکومت خپله کارکردگی ښه طریقے سره کولے نه شی خو د ټرانسپرنسی دغه باندے څه داسے حالات راشی چه حکومت، فنانس یا آډټ پیرا څه چه وی، په هغے باندے یو دغه راولی خو دا ضروری نه ده چه په هغے ټرانسپرنسی باندے چه کوم دے د دوئ وخت ضائع کیږی، د دوئ پیسے چه کوم دے زیاتے خرچ کیږی نو د دوئ د مفادو د پاره ډیپارټمنت دا یو شے کړے وو، دا به مونږه Reconsider کړو، فناس منسټر سره، ډیپارټمنټ سره به خبره اوکړو چه دا کوم زمونږ ملازمین دی، زمونږ ورونړه دی، کمزورے تنخواه دار خلق دے او لکه ډاکټر صاحب چه څنګه خبره کوله، د دوئ خپل فنډ دے، خپل فنډ دے چه هغوی ورته په آسانه طریقه باندے دغه کوی نو زه پوره تسلی ورکوم ډاکټر صاحب ته چه یره آئنده د پاره مے دا ستاسو په نوټس کښے راوسته، د

گورنمنټ په نوټس کښے مے هم راوسته، فنانس ډیپارټمنټ نوټس کښے مے راوسته او انشاء الله تعالیٰ مزید داسے تکلیف او مشکلات چه دوئ ته وی نو هغه څومره هم کیدے شی، آسان نه آسان طریقه به اختیار کړو جی۔

جناب سپیکر: دا ښه طریقه ده جی۔ ډاکټر صاحب! تاسو څه وایئ جی؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: صرف زه یو مشوره ورته بله ورکومه۔

جناب سپیکر: ډاکټر صاحب! دا دوئ یوخبره اوکړله کنه۔۔۔۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: دوئ د ټرانسپرنسی مطابق خبره کوی نو زه دا وایمه جی چه لکه اے جی آفس د په دے باندے مجبور کړے شی چه کوم بل د دے ځائے نه ورته ورځی چه هغه د Day to day کارروائی باندے واپس بینک ته رالیږی، یوه خبره جی۔ دویمه دا ده چه لکه یا د پنشن چه څنګه کارډ دوئ ته ورکړے کیږی، اتھارټی ورکړے کیږی، داسے اتھارټی د دوئ ته ورکړے شی چه هغه راوړی بینک ته او بیا هغه ساعت ورته کیش ورکوی او مسئله ورته نوره نه جوړوی جی چه لکه اکاؤنټ ته ځی یا بل څه ته ځی ځکه چه دا خو ایمرجنسی کښے خلق راویستل غواړی نو زه مشکور یمه خو زه وایم چه یره فوری طور په دے باندے کارروائی اوشی او دا خلق د دے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه دا به داسے اوکړو جی، ډاکټر صاحب! دا منسټر صاحب هم نشته، فی الحال به دا خیر دے که تاسو غواړئ پینډنګ اوساتو او دوئ چه څنګه اووئیل چه دوئ Revisit کوی لګیا دی، ګورنمنټ پرے کار کوی خو جناب آنریبل منسٹر صاحب، کوشش کریں کہ جو بھی ضرورتمند یہ لیتے ہیں،اس کے Processing میں ایک Week سے زیادہ ٹائم نہ لگے کہ ایک Week میں اس ضرورت مند کو اس کا پیسہ ملے۔ تھینک یو، جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی؟

رسمی کارروائی

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! ہم یہاں پر حکومت کی جو ایشورنس ہے،اس پر ہم اپنے بلز کو پینڈنگ یا Not press کر لیتے ہیں،آپ نے ایک کمیٹی بنائی تھی، یہ ایجوکیشن اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں پوسٹنگز اور

ٹرانسفرز کیلئے، وہ تقریباً تین چار مہینے سے زیادہ، اور بار بار آپ نے اسمبلی میں ہم سے پوچھا کہ آپ لوگوں نے کیا کیا؟ ہم نے وہ رپورٹ تقریباً تین مہینے سے زیادہ، ہم نے وہ رپورٹ بنا کر لاء ڈیپارٹمنٹ اور سب سے کرا کے، اس کمیٹی میں سارے پارلیمنٹری لیڈرز شامل تھے، وہ ایسی کمیٹی نہیں تھی، سارے پارلیمنٹری لیڈر اس میں شامل تھے، سب نے Consensus سے ایک رپورٹ بنا دی۔ یہاں پر جب رپورٹ ہاؤس میں آئی تو گورنمنٹ نے کہا کہ آپ اس کو Press نہ کریں، ہم اپنی وہ لا رہے ہیں تو میں نے جی وہ چھوڑ دی کہ چلو گورنمنٹ لاتی ہے تو بے شک لے آئے لیکن اس کے بھی تین چار مہینے پھر ہو گئے جناب سپیکر، تو مجھے تو سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ وہ کدھر گئی، وہ جو ایشورنس ہمیں دی گئی تھی، اس کا کیا ہوا؟ ابھی تک وہ رپورٹ، پھر دوبارہ بل ابھی تک آیا ہی نہیں ہے۔

جناب سپیکر: یہ لاء ڈیپارٹمنٹ میں پینڈنگ پڑی ہے، کہاں ہے؟ لاء منسٹر صاحب، پلیز، لاء منسٹر صاحب۔ جی بشیر بلور صاحب، آپ ذرا۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور {(سینئر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب، عبدالاکبر خان صاحب خبره اوکړه، د دے به معلومات اوکړو۔ دا رشتیا خبره ده، دے باندے ستاسو په قیادت کښے زما خیال دے مونږ درے څلور میټنګونه هم کړی وو او ډیر اهم بل وو خو هغه ولے پینډنګ پاتے دے؟ دا به انشاء الله معلومات اوکړو او Next دغه کښے به مطلب دا دے اوګورو چه څنګه ئے راولو؟ زما خیال دے چه په هغے باندے ډیر زیات کار هم شوے دے، په هغے کښے دوه درے میټنګونه هغوی هم کړی دی، لاء منسټر هم کړی دی خو پته به اولګوؤ نو دا به انشاء الله اوشی۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! دومره خواری پرے تاسو کړے وه، آپ لوگوں نے بڑی محنت کی تھی اس پہ، سب نے۔

سینئر وزیر (بلدیات): او جی، بالکل۔

جناب سپیکر: تو کوشش کریں کہ اسی ہفتے میں اس کو Finalize کر کے لے آئیں، اگر کوئی ہو تو دوبارہ آپ سب بیٹھ جائیں۔

سینئر وزیر (بلدیات): آج ڈسکس کر لیں گے، بالکل جی۔

جناب سپیکر: لیکن اسی ہفتے میں آپ بیٹھ جائیں جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): انشاء اللہ کوشش کریں گے، انشاء اللہ۔

جناب سپیکر: اسمبلی میں اسی ہفتے میں آپ اس کمیٹی کا۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: ایک منٹ جناب سپیکر، یہ بشیر بلور صاحب کوشش کی جب بات کرتے ہیں تو مجھے ڈر لگ جاتا ہے۔

جناب سپیکر: (قہقہے) نہیں، کوشش سے نہ ڈریں، نیتیں اچھی ہیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): یو منٹ، سپیکر صاحب! زه یو وضاحت کول غواړم۔

جناب سپیکر: جی؟

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: آنریبل بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سر میں آپ کا شکر گزار ہوں، آپ نے مہربانی کی۔ سپیکر صاحب، ہماری بد قسمتی ہے کہ ہمارا پتہ نہیں پاکستان میں کونسا Status ہے؟ ہمارا الیکٹرانک میڈیا، ہمارا پرنٹ میڈیا، میرے دوست بیٹھے ہیں، یہ بیچارے اپنی طرف سے یہاں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: تھوڑا سا سیریس ہو جائیں جی، سٹاپ کریں، یہ منی اسمبلیز سٹاپ کریں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ہمارا یہاں کا جتنا بھی الیکٹرانک میڈیا ہے، پریس میڈیا ہے، یہ اپنی طرف سے مکمل کوشش کرتے ہیں، ہمارے صوبے میں جو کچھ بھی ہوتا ہے، ہمارے حالات، ہماری اسمبلی میں جو کچھ ہوتا ہے، وہ مرکز کو بھیجتے ہیں مگر جوان کے ہیڈ آفس ہیں، وہ ہمارے صوبے کو توجہ دیتے ہیں نہ ہماری پارلیمنٹ کو وہ توجہ دیتے ہیں۔ سپیکر صاحب، 12 تاریخ کو میں نے ایک بہت بڑے کارخانے کا افتتاح کیا جس میں 1.25 بلین روپے خرچ ہونگے اور یہ سارے پیسے جو ہیں، یہ باہر سے آئیں گے، ایک پیسہ بھی ہماری گورنمنٹ کا خرچ نہیں ہوگا اور یہ پاکستان کا اپنی نوعیت کا سب سے پہلا پراجیکٹ ہے۔ اس میں ہمارے پشاور کا جتنا Waste ہے، وہ جائے گا، Recycling ہو کے دوبارہ اسے کارآمد بنایا جائے گا۔ اس کا یہ بھی ہے کہ وہ اپنی بجلی بھی خود پیدا کریں گے اور اس میں جتنے اخراجات ہیں، سارے وہ خود برداشت کریں گے، تقریباً چھ سو لوگوں کو وہاں نوکری بھی ملے گی، علاقے کے لوگوں کو اور صرف اور صرف ہم نے ان کو زمین دی ہے، وہ بھی ہماری زمین ایسے پڑی تھی، بیس سالوں سے اور لوکل گورنمنٹ کی زمین تھی تو ہم

نے صرف وہ زمین دی ہے اور پھر یہ بھی ہے کہ وہ جو اتنا بڑا کارخانہ ہے، وہ بیس سال کے بعد حکومت کی ملکیت ہو جائے گی مگر اس کے بارے میں ایک لفظ بھی نیشنل نیوز میں نہیں بتایا گیا اور بدقسمتی یہ ہوئی کہ ہمارے یہاں پہ جو 'نیوز' اخبار ہے، اس میں بھی ایک لفظ اس کے بارے میں نہیں آیا۔ جب ہمارا کہیں بھی تھوڑا سا ایک ڈھکنا ٹوٹا ہو، جہاں کوئی ذرا سا گند پڑا ہو تو اسکے فوٹو تو آجاتے ہیں مگر جو اچھا کام ہو، اسکے بارے میں کچھ بھی نہیں کہا جاتا۔ ہمارا 'مشرق' اخبار میرے اپنے صوبے کا اخبار ہے، اس میں بھی سپیکر صاحب، آپ دیکھیں تو ایک لفظ بھی نہیں آیا کہ اس گورنمنٹ کا اتنا بڑا کارخانہ لگا ہے، جب ہمارے پشاور میں کہیں ڈھیر پڑا ہوتا ہے تو اس کے فوٹو تو بڑے بڑے آجاتے ہیں کہ جی محکمہ جو ہے، وہ کام نہیں کر رہا، کم از کم کچھ تو بھی آپ صحافت کریں کہ خدا کیلئے ہمارے صوبے کو، ہمارے لوگوں کو، ہماری پارلیمنٹ کو بھی وہ کوریج دیں۔ رات کو آپ دیکھیں تو وہ رضا ہارون، وہ جو ہے رضا ہارون صاحب، وہ ایک خالی ممبر ہے اپنی ورکنگ کمیٹی کا اور اس کی ایک گھنٹہ پوری پریس کانفرنس بتاتے ہیں اور الطاف حسین صاحب لندن میں بیٹھے ہیں اور ایک ایک گھنٹہ تقریر کرتے ہیں جو کوئی سمجھتا بھی نہیں ہے، اس کی ساری 'لائیو' تقریر بتاتے ہیں اور ہمارے صوبے کو اہمیت نہیں دیتے۔ سپیکر صاحب، انشاء اللہ کل 'اوور ہیڈ' برج کا افتتاح ہمارا وزیر اعلیٰ صاحب کر رہا ہے جو گلبہار سے ہو کر، تقریباً ستر سٹھ کروڑ روپے اس پر خرچ ہونگے۔ انشاء اللہ اب مئی کے سیکنڈ ہفتے میں ایک دوسرا پراجیکٹ، باچا خان چوک سے جو 'فلائی اوور' ہوگا، اس پہ ایک ارب پچھتر کروڑ روپے خرچ ہونگے، انشاء اللہ وہ ہم اگلے مہینے کے سیکنڈ 'ویک' میں شروع کر رہے ہیں۔ سپیکر صاحب، ہم نے شاہی باغ میں تقریباً دس لاکھ، One million ڈالرز کا Americans سے، وہاں Improvement کرنے کیلئے شالیمار گارڈن کی طرح باغ بنانا شروع کیا ہوا ہے۔ سپیکر صاحب، ہم یہاں پہ Digital fountain جناح پارک میں بنا رہے ہیں، پاکستان کی تاریخ میں کبھی اتنا بڑا جھنڈا کسی مسلم لیگ کی حکومت میں نہیں بنا، ہم 185 feet high جھنڈا بنا رہے ہیں مگر سپیکر صاحب، ہماری کوئی بات بھی نہ پریس میں آتی ہے نہ الیکٹرانک میڈیا میں آتی ہے اور نہ ہمیں وہ کوریج دیتے ہیں۔ اگر یہاں پہ ذرا سی سخت بات ہمارے درانی صاحب کر دیں یا گورنمنٹ کی طرف سے کوئی کر دے تو اس کو تو 'ہائی لائیٹ' کیا جاتا ہے کہ اسمبلی کی کارروائی کو جی مچھلی بازار بنا گیا ہے مگر کوئی اچھی بات ہو تو کم از کم وہ بھی تو پریس میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کو چاہیئے کہ وہ لے۔ میں مشکور ہوں، ہمارا 'ایکسپریس' اخبار، ہمارا 'آج' اخبار، 'نوائے وقت' پوری طرح ہمیں توجہ کرتے ہیں مگر ہمارے بعض صوبے کے اخبار اور

خاص کر میں یہ 'نیوز' اخبار کی بات کرتا ہوں، الیکٹرانک میڈیا ہمیں بالکل کوئی وہ اہمیت نہیں دیتا تو میں درخواست کرتا ہوں آپ کی وساطت سے کہ ان سے مہربانی کر کے ریکویسٹ کریں کہ ہمارے صوبے کی اسمبلی کو ہمارے صوبے کے اچھے کام کو بھی وہ کچھ ذرا سی Space دیں تاکہ لوگوں کو پتہ چلے کہ یہ حکومت کوئی اچھے کام بھی کر رہی ہے۔ Thank you very much۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اودریږه جی، دے پسے۔ جی اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، ستا سو ډیره مننه۔ محترم سپیکر صاحب، دو بڑے اہم مسئلے ہیں، ایک سوات کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور ایک ہمارے سدرن ڈسٹرکٹس میں ضلع بنوں کے ساتھ۔ ہماری گورنمنٹ میں بھی کوشش ہوئی تھی جی اور ہم نے اس کی منظوری بھی دی تھی کہ چونکہ سوات کے لوگ جب پشاور آتے ہیں ہائیکورٹ کیلئے تو ان کا بہت وقت بھی ضائع ہوتا ہے اور بہت خرچے بھی ہوتے ہیں تو بعد میں تو اس کو دارالقضاء کا نام دیا گیا، ابھی اس کا میرے خیال میں صوبائی گورنمنٹ کی طرف سے وہ سارے لوازمات پورے ہیں، جگہ بھی دی ہے لیکن ابھی اس میں ججوں کی تاخیر ہے اور وہاں پر سوات کے لوگ ابھی ہڑتال پہ ہیں اور کل عاصمہ جہانگیر صاحبہ بھی وہاں پر گئی تھیں اور انہوں نے کہا کہ ہم پورے ملک میں پھر وکلاء ہڑتال کریں گے، اگر وہاں پر ججز کی تعیناتی نہیں ہوئی اور اس طرح جی بنوں میں بھی سرکٹ بنچ ہے اور اس میں بھی صوبائی گورنمنٹ نے تقریباً زیادہ کام مکمل کیا ہے، صرف وہاں پر عدالتیں اور رہائش کا جو مسئلہ ہے، اس کیلئے بھی کمیٹی بن گئی ہے اور تین جگہوں کی نشاندہی ہوئی ہے۔ اس میں صرف ایک جگہ کا چناؤ ہے تو اس کیلئے بھی اگر جلدی صوبائی گورنمنٹ کے ذمہ یہ آتا ہے کہ وہ ہدایات جاری کرے اور وہاں پر تین جگہوں کی نشاندہی ہے، اس میں سے ایک جگہ کا چناؤ کرے اور وہاں پر رہائش ججز کیلئے اور وہاں پر جج کی عدالت کیلئے انتظام کرے اور باقی پھر ہم ہائی کورٹ سے بھی گزارش کریں گے، عدلیہ سے کہ فوری طور پہ چونکہ سوات کے لوگ جی پشاور آتے ہیں، اس تکلیف دہ وقت میں، اتنا لمبا راستہ ہے جی، تو ان کو بھی بہت تکلیف ہے اور اگر ہمارے لوگ پشاور آتے ہیں یا بنوں سے ڈی آئی خان جاتے ہیں تو میری گزارش ہے کہ یہاں پر صوبائی گورنمنٹ کے ذمہ جو کچھ کام باقی ہے، مجھے امید ہے پہلے بھی اس میں میں نے جب سوال کیا تھا تو اس پہ چیف منسٹر صاحب نے میرے خیال میں اسی دن ان پوسٹوں کی بھی منظوری دی اور ابھی مجھے یہی توقع ہے کہ جو رہائش اور عدالت کا، بنوں کا مسئلہ ہے

کیونکہ پرسوں پوری طلباء تنظیموں نے اور وکلاء نے، اخبارات میں آیا تھا کہ پھر ہم ہڑتال بھی کریں گے اور جلوس بھی نکالیں گے اور جو اچھا کام ہوا ہے، صرف اس میں معمولی کام باقی ہے تو میری گزارش یہ ہوگی کہ اس پہ بھی جلدی کی جائے اور ان دونوں جگہوں پہ ان لوگوں کو سہولت دی جائے سوات اور وہاں مالاکنڈ کے لوگوں کو بھی اور سدرن ڈسٹرکٹس میں بنوں اور لکی مروت اور کرک کے لوگوں کو بھی۔

جناب سپیکر: یہ میڈیا کے متعلق جو بشیر بلور صاحب نے کہا، یہی میں نے پہلے اجلاس میں بھی آپ سے ریکویسٹ سمجھیں، ہدایت سمجھیں یا جو کچھ بھی سمجھیں کہ آپ ٹھیک ہے تنقید اچھی ہے، اس سے Improvement آتی ہے لیکن ایک اچھی تنقید بہت اچھی ہے، بہت Improvement لاتی ہے، آپ کی کوریج سے بہت اچھی آتی ہے لیکن اسمبلی ایک august House ہے، خاصکر یہ صوبے کا سب سے بڑا جرگہ، سب سے بڑی عدالت، عوامی عدالت یا جو بھی آپ اس کو نام دیں، یہ معزز اراکین بہت بڑی بڑی آبادیوں سے ووٹ لے کے ادھر آکر بیٹھے ہیں، یہ جب اپنے ایک اچھے کاموں کی نشاندہی کرتے ہیں اور اس کو Proper آپ کی کوریج نہیں ملتی تو یہ بڑی زیادتی ہے، قوم کے ساتھ بھی زیادتی ہے اور آپ کے پیشے کے ساتھ بھی زیادتی ہے۔ میں آپ کے مالکان سے ریکویسٹ کرونگا کہ وہ کم از کم اس جنگ زدہ صوبے کی، اس پہ کتنی قیامت گزری ہے اور پورے صوبے کیلئے سارے وزراء، سارے لیڈران، اپوزیشن کے لیڈران، سب کہتے ہیں کہ یہ جنگ پورے صوبے کیلئے یہ لڑ رہے ہیں، پورے ملک کیلئے، یہ خالی اس صوبے کی نہیں ہے تو اس کو فوقیت دے دیں، جتنے بھی نیشنل اخبار ہیں، جتنے بھی میڈیا کے بڑے چینلز ہیں اور ادھر وہ تعمیری چیزیں جو نئی نئی حکومت کی طرف سے شروع ہو جاتی ہیں، جیسے ابھی بشیر بلور صاحب نے Mention کیا کہ ڈیڑھ، ڈیڑھ ارب روپے کے پراجیکٹس اور اتنے بڑے پراجیکٹس کو ہائی لائٹ نہ کرنا تو یہ بڑی زیادتی ہے۔ اس میں بھی میری طرف سے وہ ہوگی کہ کم از کم اس صوبے میں کچھ ایسی تعمیری، Healthy activity دکھائیں تاکہ ہمارے صوبے میں لوگ دل کھول کے آئیں اور ادھر مکمل امن کے ساتھ واپس جائیں۔ ہائیکورٹ کے بارے میں میری بھی، آزاد جوڈیشری ہے، ان سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ دارالقضاء جو سوات کیلئے اور بنوں میں جو درانی صاحب کہہ رہے ہیں، تو اگر ججز کی کمی ہو تو وہ بھی پوری کریں اور Kindly کہ کورٹس پہ ادھر لوڈ کم ہو جائے گا۔ پوری اسمبلی کی طرف سے میں ان سے درخواست کرتا ہوں، سفارش کرتا ہوں کہ بنوں میں اور سوات میں جتنا جلدی ممکن ہو سکے، اس پر عملدرآمد کریں، ان ریکویسٹوں پہ جو ادھر سے بار بار اس اسمبلی سے گئی ہیں اور ادھر جج صاحبان نہیں بیٹھے

ہیں، جب تک رہائش نہیں بنتی تو کرائے کی بلڈنگز کچھ نہ کچھ گھر مل جائیں گے اور ڈیپارٹمنٹس کو ملتے ہیں توان کو کیوں نہیں ملیں گے اور حکومت سے بھی میری، بلکہ ہدایت دی جاتی ہے کہ ججز صاحبان کیلئے فوری رہائش کا بندوبست ابھی سے شروع کریں۔ جی، عاطف الرحمان صاحب۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر صاحب، زه یو ډیره ضروری خبره ستاسو د دے ټول ایوان په نالج کښے راوستل غواړمه۔ دا تاسو چه کله د دے ټاؤن د سائډ نه راځئ جی، دے کینټ طرف ته نو دے گورا قبرستان سره جی یو ناکه لګیدلے ده او هغه ناکه په پینځو حصو باندے تقسیم شوے ده جی۔ په هغه ناکه کښے چه کوم درے لارے دی، هغه روزانه بندے وی جی او عام اولس ته دے نه په تګ راتګ کښے ډیر زیات مشکلات وی۔ په دے روډ باندے ډیر زیات وی آئی پی مومنټ هم کیږی او زمونږه غونډه علاقه چه کومه ده، په دے باندے آباده ده، دا شاهراه ریشم دے نو زما دا گزارش دے حکومت ته، پکار دا ده چه د دے د پاره یو صحیح مستقل حل رااوباسی۔ یا خو د هغلته کښے هغے سره چه کوم زیات Space دے، پکار ده چه هغه ورته کهلاؤ کړی او چه په کوم ګاډی باندے د هغوی شک راځی، هغه د اودروی او بے ځایه خلق د اودروی نه او زمونږ د پیښور ټول لوډ چه کوم دے، هغه په خیبر روډ باندے دے، د هغے وجه دا ده چه زمونږ ټول کینټ Seal شوے دے او کینټ ته آمد و رفت بالکل بیخی بند دے، نو زما حکومت، زما مشرانو ته دا ګزارش دے، پکار ده چه په دے باندے فوری ایکشن واخلی او د آرمی مشرانو سره په دے باندے خبرے اوکړی چه هغه لارد، د پینځو واړو لارد کهلاؤ وی نو کم از کم رش خو به جوړیږی نه۔ په دیکښے جی ایمرجنسی وی، بیماران وی پکښے، زر خبرے پکښے راځی۔ ډیره مهربانی جی۔

جناب سپیکر: اب وزراء صاحبان سے میں، جی بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، عطیف خان خبره اوکړه چه دا ناکه بندئ ختم شی او دا خلقو ته تکلیف دے-----

جناب عطیف الرحمان: ما دا نه دی وئیلی، ماخو د گورا قبرستان د ناکے باره کښے وئیلی دی۔

جناب سپیکر: د ټولے ناکه بندئ نه جی، یو ناکه بندی صرف بنائی چه د ګورا قبرستان سره ده او هغے ته لړ ځائے کهلاؤ شی چه کوم ګاډی باندے شک نه وی نو هغه به هغه وخت روان کړی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، تاسو ته به یاد وی چه زمونږ دلته ممبر صاحب یو خبره کړے وه چه دا دلته مونږ راځو نو ډیر زیات د دے قبرستان سره، د ګورا قبرستان سره ډیر زیات رش وی او بیا هلته څوک چیک کوی هم نه، هم داسے خلقو ته وائی چه ځئ نو هغوی ته دا انسټرکشنز دی چه کوم فوجیان هم ولاړ دی او پولیس والا هم ولاړ دی چه تاسو په کوم سړی شک راشی نو هغه اودروئ ګنی داسے ټول خلق مه اودروئ، زهٔ خو ځله پخپله هم په دے تیر شوے یمه خو دا ده چه لږ ډیر حالات داسے دی چه داسے ئے پریږدو نو بیا ستاسو په علم کښے ده سپیکر صاحب، دا داسے حالات دی چه په دیکښے دا بله ورځ هم تاسو اوګورئ چه دا یونیوسټئ کښے څنګه حال شوے دے، یونیورسټی کښے دننه درے کسان مړه شول او زمونږ یو اے ایس آئی صاحب شهید شو، نو دا حالات زمونږ د صوبے داسے دی چه مجبوری ده۔ زه انشاءالله کوشش کوم چه داسے تکلیف خلقو ته نه وی او هغه مجبوری زمونږ چه ده، هغه هم زه عطیف صاحب ته خواست کوم چه زمونږه مجبورئ ته هم اوګوری، د دے حکومت خپله مجبوری د هم اوګوری، خدائے مه کړه که سبا داسے څه لویه واقعه اوشی نو د هغے ذمه واری به څوک اخلی؟ خوکوشش به کوؤ چه خلقو ته تکلیف زیات نه شی، کم نه کم تکلیف وی۔

جناب سپیکر: جی عطیف خان! تاسو که بشیر بلور صاحب، تاسو وروستو بریک کښے هلته شاته کښینئ، بنه به دا وی چه په خپلو کښے افهام و تفهیم سره یو حل د دے اوباسئ۔

توجہ دلاؤ نوٹس

Mr. Speaker: Ji. 'Call Attention Notices': Haji Aurangzeb Khan, to please move his call attention notice.

جناب اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب! د دے معزز ایوان توجه زه یو اهم طرف ته راوستل غواړم۔ علاقه پخه غلام دله زاک روډ قبرستان چه کوم په 1926

